تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 24, 2025

پریس ریلیز

جامعہ مڈل اسکول کی ہیڈ مسٹریس کو انڈین ٹیلینٹ اولمپیاڈ کی طرف سے بہترین پرنسپل ایوارڈ ملا

محترمہ نصرت جہاں، ہیڈ مسٹریس جامعہ مڈل اسکول (جے ایم ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ کو انڈین ٹیلینٹ اولمپیاڈ کمیٹی کی جانب سے ’بیسٹ پرنسپل ایوارڈ‘ برائے سال دو ہزار چوبیس پچیس ملا۔ ملک بھر کے انعام یافتگان پرنسپل کی محفل میں ممبئی میں اٹھارہ مارچ دو ہزار پچیس کو انعام کی تقریب منعقد ہوئی تھی۔ یہ انعام، تعلیم کے میدان میں قائدانہ صلاحیتوں، طلبہ کی تعلیمی فضیلت اور تعلیم کے لیے جدت و بصیرت پر مبنی اقدامات کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔ سب سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسکولوں کے پرنسپل بہترین پرنسپل ایوارڈ پاتے ہیں۔

پانڈیچیری کی سابق لیفٹننٹ گورنر ڈاکٹر کرن بیدی نے پدم بھوشن اور بیڈمنٹن کی ورلڈ چمپئن محترمہ سائنا نیہوال کے ساتھ مل کر نصرت جہاں کو یہ انعام پیش کیا۔ اپنی تقریر میں دونوں نے انعام جیتنے والے پرنسپلوں کو مبارک باد پیش کی اور افراد کی زندگی میں اساتذہ کے رول کی اہمیت پر زور دیا۔

محترمہ نصرت جہاں نے انعام کے انتخاب کے لیے مطلوبہ معیار میں بہت بہتر کیا تھا۔ انھوں نے نمایاں طور پر اسکول کی کارکردگی کو بہتر کیا ہے اور سیکھنے کی غرض سے طلبہ میں ذوق وشوق اور دلچسپی پیدا کر کے ان کی سائنسی اور ریاضی کی مہارتوں کو پروان چڑھانے میں اہم محرک ثابت ہوئی ہیں۔ اس موقر انعام کی حصولیابی پر محترمہ جہاں نے انڈین ٹلینٹ اولمپیاڈ کمیٹی کا شکریہ ادا کیا اور جامعہ مڈل اسکول کے پابند اور وقف تدریسی اسٹاف اور سرگرم طلبہ کی کوششوں کا اعتراف کیا۔

انڈین ٹیلینٹ المپیاڈ کی جانب سے منعقدہ اولمپیاڈ امتحان میں پورے ہندوستان سے کل بیالیس ہزار ایک سو پچھہتر اسکولوں کے ساتھ لاکھوں طلبہ نے تشخیص میں حصہ لیا تھا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہیڈ مسٹریس کو مبارک باد دی اور ان کی مساعی کے لیے ان کی تعریف کی۔ گزشتہ سال محترمہ جہاں کو سائنس اولمپیاڈ فاؤنڈیشن اکیڈمی کونسل نے ڈسٹرکٹ بیسٹ پرنسپل ایوارڈ سے نوازا تھا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی